والدین اور سرپرستوں کے لیے معلومات

# دل کا شدید پیدائشی عارضہ (Critical Congenital Heart Disease, CCHD)

## CCHD کے لیے پلس آکسیمیٹری اسکریننگ

### نوزائیدہ بچوں کی اسکریننگ کیا ہے؟

نوزائیدہ بچوں کی اسکریننگ یہ جاننے کا ایک آسان طریقہ ہے کہ آیا آپ کے بچے کو صحت کا کوئی ایسا سنگین مسئلہ تو نہیں جس کے لیے فوری علاج کی ضرورت ہو۔

### دل کا شدید پیدائشی عارضہ کیا ہے؟

دل کا شدید پیدائشی عارضہ ایک طبی صورتحال ہے۔ یہ تب ہوتا ہے جب بچے کا دل یا دل کے قریب خون کی بڑی رگیں صحیح طرح سے نہیں بن پاتی ہیں۔ دل شاید ٹھیک سے کام نہ کرے اور خون میں آکسیجن کی سطح کافی نہ ہو۔

### بچوں کی CCHD کے لیے اسکریننگ کیوں ضروری ہے؟

شروع میں، دل کے پیدائشی نقص والے کچھ بچے صحت مند نظر آ سکتے ہیں۔ اگر ان بچوں کو اسکریننگ سے پہلے گھر بھیج دیا جائے، تو انہیں شدید بیماری یا موت کا خطرہ ہو سکتا ہے۔

### CCHD کے لیے اسکریننگ کیسے کی جاتی ہے؟

اسکریننگ کا ایک حصہ پلس آکسیمیٹری نامی ٹیسٹ ہے، جسے کبھی کبھار "pulse ox" بھی کہا جاتا ہے۔ یہ دل کی خطرناک صورتحال کا جلد پتہ لگانے میں مدد دے سکتا ہے۔ یہ ٹیسٹ بچے کے خون میں آکسیجن کی مقدار اور ان کی نبض کی رفتار کی پیمائش کرتا ہے۔

پلس آکسیمیٹری تیز، آسان ہے اور اس سے تکلیف نہیں ہوتی۔ ایک چھوٹا اور نرم سینسر بچے کے ہاتھ اور پاؤں کے گرد لپیٹا جاتا ہے۔ نوزائیدہ بچوں کی عالمگیر اسکریننگ کے حصے کے طور پر، ریاست نیویارک میں پیدا ہونے والے ہر بچے کی پیدائش کے 24 گھنٹے بعد پلس آکسیمیٹری اسکریننگ کی جائے گی تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ آیا CCHD کی کوئی علامت موجود ہے۔ 24 گھنٹے انتظار کرنے سے بچے کے دل اور پھیپھڑوں کو ماں کے پیٹ سے باہر کی زندگی کے مطابق مکمل طور پر ڈھلنے کا موقع ملتا ہے۔

### اگر پلس آکسیمیٹری کی ریڈنگ کم آئے تو کیا ہوتا ہے؟

کچھ بچوں میں pulse ox کم (آکسیجن کی سطح کم ہونے کی ریڈنگ) آ سکتی ہے۔ آپ کا ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ فیصلہ کرے گا کہ آیا مزید ٹیسٹوں کی ضرورت ہے۔ آپ کے بچے کو ایکسرے یا الیکٹرو کارڈیو گرام ("EKG")، اور/یا الٹراساؤنڈ کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ دل کے الٹراساؤنڈ کو دل کا ایکو یا ایکو کارڈیو گرام کہا جاتا ہے۔

آپ کا ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ آپ کے بچے کو بچوں کے امراضِ قلب کے ماہر (کارڈیالوجسٹ) یا دیگر ماہرین کے پاس بھیج سکتا ہے۔

آکسیجن کی سطح کم ہونے کا مطلب ہمیشہ یہ نہیں ہوتا کہ بچے کو CCHD ہے۔ کچھ صحت مند بچوں کی آکسیجن کی سطح کی ریڈنگ کم آ سکتی ہے جبکہ پیدائش کے بعد ان کا دل اور پھیپھڑے ایڈجسٹ ہو رہے ہوں۔ دیگر مسئلے بھی ہو سکتے ہیں جن کی وجہ سے آپ کے بچے کا ٹیسٹ رزلٹ ایسا آ سکتا ہے۔

### والدین کو کیا جاننے کی ضرورت ہے؟

پلس آکسیمیٹری اسکریننگ میں کامیاب ہونے والے زیادہ تر بچوں میں CCHD کی وارننگ والی علامات نہیں ہوں گی۔ والدین کو انتباہی علامات پر نظر رکھنی چاہیے جیسے کہ ہونٹوں یا جلد کی رنگت کا نیلا پڑ جانا، سانس لیتے وقت آوازیں نکلنا، تیز سانس لینا، سانس لینے میں دشواری کی وجہ سے نتھنوں کا پھولنا، دودھ پینے میں دشواری یا کم پینا، بہت زیادہ غنودگی یا ہر وقت سوتے رہنا، اور وزن میں مناسب اضافہ نہ ہونا۔ اگر آپ کے بچے میں ان میں سے کوئی بھی علامت ہو، تو فوری طور پر اپنے بچے کے ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ کو کال کریں۔

### اگر نوزائیدہ بچوں کی CCHD اسکریننگ کے بارے میں میرے مزید سوالات ہوں تو میں کس سے رابطہ کر سکتا ہوں؟

نوزائیدہ بچوں کی اسکریننگ کے بارے میں اپنے بچے کے ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ سے پوچھیں یا یہاں جائیں:

**مراکز برائے انسداد و روک تھامِ امراض (Centers for Disease Control and Prevention)**
cdc.gov/heart-defects/screening

**نیویارک اسٹیٹ محکمہ صحت (New York State Department of Health)**
health.ny.gov/community/infants_children/critical_congenital_heart_disease_screening/